پی سی بی، عالمی یومِ خواتین پر کرن خان اور سارہ محبوب کو خراجِ تحسین پیش کرے گا

- خواتین کرکٹ فینزکو لیگ کے 7تا 15 مارچ تک شیڈول میچز کےٹکٹ 30 فیصد رعائیتی نرخوں پر دستیاب ہوں گے
- ہمارے معاشرے کی ترقی میں خواتین کا کردار اہم ہے، ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی بابرحامد
- ایونٹ کے ہیش ٹیگز #HBL #HBLPSLV #Tayyar Hain ہیں
- تمام میڈیا ہاوسز سے درخواست ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل سے متعلق کسی بھی خبر میں ایونٹ کا مکمل ٹائٹل درج کریں

لاہور، 6مارچ2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے عالمی یومِ خواتین پر اولمپئن کرن خان اور قومی ٹینس اسٹار سارہ محبوب کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا اعلان کیا ہے۔پی سی بی ہمارے ہیروز مہم کے تحت 8 مارچ بروز اتوار کو دونوں خواتین ایتھلیٹ کی ملک کے لیے خدمات کا اعتراف کرے گا۔

"گولڈن گرل"کے خطاب سے مشہورسوئمر کرن خان کو13 سال کی عمر میں پہلی بارمانچسٹر میں منعقدہ کامن ویلتھ گیمز 2002میں پاکستان کی نمائندگی کا اعزاز حاصل ہے۔تمغہ امتیاز حاصل کرنے والی کرن خان کی خدمات کا اعتراف ورلڈ اولمپئنز ایسوسی ایشن بھی کرتی ہے۔

کرن خان اب تک 327 قومی طلائی تمغے حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی مقابلوں میں 47 میڈلز اپنے نام کرچکی ہیں۔

سارہ محبوب وہ پہلی خاتون ٹینس اہتھلیٹ ہیں جنہوں نے انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن کے کسی بھی ٹورنامنٹ کے مین ڈرا میں پہلی بار پاکستان کی نمائندگی کی۔ انہوں نے یہ کارنامہ 2010میں انجام دیا۔انہوں نے2004 میں سب سے کم عمر قومی چیمپئن (14سال)

بننے کا اعزازبھی اپنے نام کیا۔

ہمارے ہیروز مہم ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020کے آغاز سے قبل شروع ہوئی تھی۔مہم کے تحت فینز اور فالوورزنے ایچ بی ایل پی ایس ایل ویب سائٹ پر اپنے پسندیدہ ہیرو کے حق میں ووٹ دئیے تھے۔

آئی سی سی ویمنز ٹی ٹونٹی ورلڈکپ 2020 میں شرکت کے بعد وطن واپس پہنچنے والی قومی خواتین کرکٹرز بھی عالمی یومِ خواتین کے موقع پر قذافی اسٹیڈیم لاہور میں موجود ہوں گی۔ ایونٹ میں پاکستان نے ویسٹ انڈیز کی ویمنز ٹیم(ایڈیشن 2016 کی چیمپئن) کوشکست دی تھی۔ قومی خواتین کرکٹ ٹیم اتوار کے روز لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کی ڈگ آؤٹس سے میدان تک پہنچانے میں رہنمائی کریں گی۔

اسی طرح " مارچ میڈنس" مہم میں مزیداضافہ کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ نے عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے خصوصی رعائیتی پیشکش متعارف کروادی ہے۔
خصوصی پیشکش کے مطابق 7تا15 مارچ تک شیڈول ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020کے 11 گروپ میچز میں خواتین کے لیے ٹکٹ30 فیصد رعائیتی نرخوں پر دستیاب ہوں گے۔

خواتین ملک بھر میں موجود ٹی سی ایس کے مخصوص مراکز سے ان میچز کے ٹکٹ رعائیتی نرخوں پر خرید سکتی ہیں۔یہ پیشکش صرف وی وی آئی پی، وی آئی پی اور پریمیئم کٹیگری کی ٹکٹوں پر دستیاب ہے۔

بابرحامد، ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی:

ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی بابرحامد کاکہناہے کہ خواتین معاشرے کا اہم حصہ ہوتی ہیں جو کسی بھی معاشرے کی ترقی میں اولین کردار ادا کرتی ہیں۔

بابرحامد کا کہنا ہےکہ ایک ذمہ دار ادارے کی حیثیت سے پاکستان کرکٹ بورڈ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے دوران خواتین کےکردار کو اجاگر کررہا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is

to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4